محمد مصعب نام رکھنا کیسا ہے؟

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر: WAT-2481

تاریخ اجراء: 12 شعبان المعظم 1445ھ / 23 فروری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

حضرت کیا آپ بتائیں گے یہ نام "محمد مصعب" رکھنا کیسا ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

مصعب کا ایک معنی "برداشت کرنے والا" ہے، جبکہ ایک معنی "سردار" بھی ہے نیز یہ صحابی رسول حضرت سیدنا مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ سے نسبت والا نام ہے۔ لہٰذا "محمد مصعب" نام رکھنا بالکل جائز ہے، شرعاً اس میں کوئی حرج نہیں۔

البتہ! بہتر یہ ہے کہ اولاً بیٹے کا نام صرف "محمد" رکھیں، کیونکہ حدیث پاک میں نام محمد رکھنے کی فضیلت اور ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے اور ظاہر یہ ہے کہ یہ فضیلت تنہا نام محمد رکھنے کی ہے اور پھر پکارنے کے لیے مذکورہ بالا نام رکھ لیجیے۔

قاموس الوحید میں ہے "المُصعب: سردار۔" (القاموس الوحید، صفحہ 924، مطبوعہ ادارہ اسلامیات، لاہور)

نام رکھنے کے احکام میں ہے "مصعب: برداشت کرنے والا۔ (نام رکھنے کے احکام، صفحہ 141، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

معرفۃ الصحابہ لابی نعیم میں ہے "مصعب بن عمير القرشي۔۔۔من المهاجرين الأولين، شهد بدرا، واستشهد يوم أحد، وهو: مصعب بن عمير بن هاشم بن عبد مناف بن عبد الدار، بعثه النبي صلى الله عليه وسلم إلى المدينة بعد أن بايع الأنصار البيعة الأولى، ليعلمهم القرآن۔۔الخ" (معرفۃ الصحابۃ، ج 5، ص 2556، دار الوطن، ریاض)

محمد نام رکھنے کی فضیلت:

کنز العمال میں روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "من ولد له مولود ذكر فسماه محمدا حبالي وتبركا باسمي كان هو ومولوده في الجنة" ترجمہ: جس کے ہاں بیٹا پیدا ہوا اور وہ میری محبت

اور میرے نام سے برکت حاصل کرنے کے لئے اس کا نام محمد رکھے تو وہ اور اس کا بیٹا دونوں جنت میں جائیں گے۔(کنز العمال،ج16،ص422،مؤسسۃ الرسالۃ،بیروت)

ردالمحتار میں مذکورہ حدیث کے تحت ہے"قال السيوطي: هذا أمثل حديث ورد في هذا الباب وإسناده حسن "ترجمہ:علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے فرمایا: جتنی بھی احادیث اس باب میں وارد ہوئیں، یہ حدیث ان سب میں بہتر ہے اور اس کی سند حسن ہے۔(ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الحظر والاباحۃ،ج6،ص417،دارالفکر، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net